نمبر ۳ — جلد ۴۰

RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۶ ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ہدایت مجسٹریٹان مقدمہ دفعات ۳۲۴ و ۳۲۵	۲
۲	رخصت [illegible] صاحب	۲ و ۳
۳	[illegible] اجلاس ہمایون	۲
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible] صاحب	۳
۶	[illegible]	۳
۷	[illegible] صاحب [illegible]	۳
۸	[illegible]	۳
۹	[illegible]	۳
۱۰	[illegible]	۳
۱۱	[illegible]	۴
۱۲	[illegible]	۳
۱۳	رخصت [illegible]	۳
۱۴	نقشہ [illegible] اجلاس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ ماہ دسمبر ۱۹۲۷ء

دفعات ۳۲۴ و ۳۲۵ کے مقدمات پولیس بالا ان کرکے عدالت میں پیش کرتی ہے۔ فریقین عدالت میں راضی نامہ داخل کردیتے ہیں مجسٹریان کو چاہیے کہ درخواست ہا اجازت راضی نامہ پر مزید تحقیقات کارروائی کیا کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو مجسٹریان کو ہدایت کردیجائے۔ ایک نقل اس حکم کی نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس میں مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت روبکار اجلاس ہمایون مجسٹریٹ صاحبان کے نام احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۳۰ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثل عرضداشت مرشدزادہ آفاق عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم دربارہ منظوری رخصت آٹھ یوم مسٹر [illegible] خان سپرنٹنڈنٹ پرنٹنگ پریس بہ غرض روانگی وطن بضرورت نجی از ۳ ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء۔

حکم

آٹھ دن کی رخصت منظور ہے۔ کاغذات نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس میں مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

سررشتہ صدر سے منظوری رخصت کے احکام جاری ہوں۔ زمانہ رخصت میں حسب قاعدہ الاؤنس بند رہیگا۔ یکم جنوری ۱۹۲۵ء

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

یکم جنوری ۱۹۲۵ء

مثل مرمنی راج نراین اسپنسری کلرک اجلاس ہمایون باستدعاے رخصت مزید چار ماہ بلا تنخواہ۔

حکم

یکم جنوری ۱۹۲۵ء سے چار ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر جنوری ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی دربارہ منظوری رخصت پندرہ یوم انت نراین محرر جواہر خانہ من ابتداء ۹ر لغایت ۲۳ر جنوری ۱۹۲۵ء بغرض انتظام شادی نبیرہ دختر داری منشی کالیچرن محرر توشہ خانہ۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ رخصت ۱۵ یوم من ابتداء ۹ر لغایت ۲۳ر جنوری ۱۹۲۵ء انت نراین محرر جواہر خانہ کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۵ر جنوری ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت دربارہ رخصت پندرہ یوم بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر بوجہ علالت۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر کی رخصت دو ہفتہ منظور ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات

رخصت

۵ر جنوری ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت دربارہ رخصت ۹ یوم سید محبوب علی کلرک دفتر بضرورت کار نجی۔

حکم

بموجب رپورٹ محبوب علی کلرک کی رخصت ۹ یوم ابتداء ۵ر جنوری ۱۹۲۵ء منظور ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات

اضافہ و مستقلی

۹ر جنوری ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات۔ دربارہ اضافہ تنخواہ و مستقلی منشی جمیل الدین سب انسپکٹر ٹیلیفون بلحاظ خوش اسلوبی کام

حکم

بموجب رپورٹ۔ جمیل الدین سب انسپکٹر ٹیلیفون کی موجودہ تنخواہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ اور مستقل انسپکٹر ٹیلیفون مقرر کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۹ر جنوری ۱۹۲۵ء

بموجب رپورٹ موازی بارہ آنہ ماہانہ مصارف روغن گل ہر پولیس تھانہ کو روشنی کے لئے باندراج بر آورد دیا جانا منظور ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بابت منظوری ۱۲ آنہ مصارف تیل فی پولیس تھانہ از یکم جنوری ۱۹۲۵ء موصول ہو کر واضح ہوا کہ بجٹ سال حال میں رقم مصارف روشنی منظور فرمائی گئی ہو لالٹینیں ملے محرران کو تقسیم ہو چکیں۔ لہذا حسب استدعاے صاحب موصوف موازی ۱۲ر چار مصارف روشنی باندراج بر آورد محرران پولیس تھانہ جات کو دیے جانے کی بابت حکم صادر فرمایا جائے۔ رپورٹ صیغہ پولیس تھانہ جات ذریعہ عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم منظوری ارسال اجلاس حضور ہے۔ ۸ر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۰؍ جنوری ۱۹۲۸ء

رپورٹ منظور ہے۔ چمن پرنس پیلس و چمن میونسپلٹی کو اگر کوئی آوارہ مویشی نقصان پہنچائے اور وہ داخل مویشی خانہ ہو تو علاوہ فیس وغیرہ کانجی ہاؤس کے چمن ہائے مذکور کے نقصان کی رقم بھی مالک راس سے وصول کرکے مویشی رہا کیا جائے۔ محرر کانجی ہاؤس رقم نقصان وصول کرکے صیغہ متعلقہ کو بھیجے گا۔ تعداد نقصان کی اطلاع صیغہ متعلقہ سے مویشی خانہ کو دیجائیگی۔ سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور شہزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
غریب پرور سلامت

جناب عالی

علاوہ فیس کانجی ہاؤس مویشیان سے جس محکمہ کا جو کچھ ہرج ہوتا ہے وہ مالک مویشی سے رہائی کے وقت وصول کئے جانیکا قاعدہ ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے کیفیت دریافت کرنے پر حسب قول احکام سررشتہ مویشی خانہ جات سے شامل ہوکر آتے ہیں اس سے واضح ہوا کہ ان میں تو مقررہ رقم بذریعہ دفعہ اور کسی محکمہ کا جو کچھ ہرجہ بذریعہ تحریر محکمہ محررہ یونٹ وصول کرکے راس کو چھوڑتا ہے۔ چونکہ اس سے قبل میونسپلٹی میں کوئی باقاعدہ چمن وغیرہ نہیں تھا۔ اس لئے میونسپلٹی کے متعلق کوئی تعین اس رقم کا نہیں ہے۔ نیز معلوم ہوا ہے کہ کوٹھی پرنس پیلس کے چمن کے متعلق بھی کوئی حکم مویشی خانہ شہر میں نقصان کے متعلق موجود نہیں ہے۔ کاغذات متعلقہ بذریعہ عرضداشت درسال حضور کرکے گزارش ہے۔ کہ منظوری صادر فرمائی جائے۔ کہ ایسی صورت میں جو ہرج کسی جانور سے ہوا کرے وہ اسکے مالک سے علاوہ محصول کانجی ہاؤس بروقت رہائی وصول کیا جایا کرے۔ تاکہ اس رقم سے چمن کی درستی کرادیجائے اور مالکان مویشیان کو بھی تنبیہ ہوتی رہے۔ — والادب

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۳؍ نومبر ۱۹۲۷ء

بذریعہ روبکار مورخہ ۲۲؍ مئی ۱۹۲۲ء مطبع سرکاری کے لئے شرح اجرت طبع مقرر کی گئی ہے۔ اب تجربہ سے اسمیں بعض امور کے اضافہ اور توضیح کی ضرورت معلوم ہوئی۔ لہذا حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

(۱) بعض فارم ایسے طبع کرائے جاتے ہیں جنمیں کچھ عبارت سیاہی سے اور کچھ سرخی سے طبع ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں ہر فارم کی طباعت دو مرتبہ ہوتی ہے۔ لہذا ایسے فارموں کی اجرت شرح مقررہ روبکار ۲۲؍ مئی ۱۹۲۲ء سے دوچند لیجائیگی۔

(۲) بعض فارم ½ یا ¼ یا ⅛ سائز کے مطبع میں چھپنے کے لئے آتے ہیں۔ حالانکہ اجرت بلحاظ جو سائز فارموں کا مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے یہ مختلف ہیں۔ لہذا ایسے مختلف سائز کی اجرت اس شرح سے لیجائیگی جو اس سے اعلے سائز کے فارم کی مقررہ اجرت ہے۔ مثلاً ⅙ یا ⅛ کی اجرت مثل ¼ کی اجرت کے اور ¼ کی اجرت مثل ½ کی اجرت کے۔

(۳) ۲۲×۲۹ سے بڑے سائز کے جو فارم طبع ہونے کو آئینگے وہ چونکہ دو حصے کرکے دو دفعہ میں طبع ہونگے۔ لہذا انکی اجرت ۲۲×۲۹ سائز کی شرح سے دوچند لیجائیگی۔

(۴) جو اجرت بذریعہ روبکار ۲۲؍ مئی ۱۹۲۲ء مقرر کی گئی ہے۔ وہ بحساب ہر ایک قسم فارم کی ہے۔ اور ہمیشہ سے عملدرآمد بھی مطبع کا یہی رہا ہے کہ ہر قسم فارم کے اعتبار سے اجرت لیجاتی ہے۔ بعض محکمہ جات سے دو قسم کے فارم ملاکر طبع کرائے جاتے ہیں ایسی صورت میں ہر ایک فارم کی اجرت علیحدہ علیحدہ لیجائیگی۔ بعض محکمہ جات سے آرڈر اسطرح کے آتے کہ ایک قسم کے فارم کے دو قطعے ایک مرتبہ میں طبع کرائیگی خواہش کی گئی تاکہ تعداد داب کی گھٹکر اجرت کم ہو جائیگی۔ یہ بھی مطبع کے عملدرآمد کے خلاف ہے۔ ایسی صورت میں ہر ایک قطعہ فارم کی تعداد پر اجرت لیجائیگی۔ اجرت مقررہ فارموں کی ہے نہ کہ دابوں کی۔

(۵) اگر کسی فارم میں بیل یا کوئی مارکہ یا مونوگرام وغیرہ طبع کرانا ہوگا تو اسکی کاپی کی اجرت بلحاظ کام کے علیحدہ لیجائیگی۔ لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہوں۔ اس روبکار کی نقل چار مرتبہ گزٹ میں شائع کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - سے منور علی مدرس کیمپور یا تحصیل بلاسپور بوجہ خرابی کام اور ہونے عادی غیر حاضری ۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ سے حیدر علی چہارم پاس کا تقرر (۸ عہ) ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو-

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

سید احمد حسین مدرس اول مدرسہ مقبو ... جناب ... کی رخصت رعایتی ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء سے ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء تک بذمہ داری شیخ کوثر حسین مدرس دوم منظور کی گئی-

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو-

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب درباره منظوری رخصت دو ماہ رام کشن پال چپراسی محرر چنگی بوضع تنخواہ بضرورت ذاتی-

حکم

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر رخصت دو ماہ رام کشن پال چپراسی محرر چنگی بوضع تنخواہ منظور ہے- ایام رخصت میں موہن لال تحویلدار میونسپلٹی کام متعلقہ انجام دیگا- اور اسکو دس روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جائیگا- باقی رقم تنخواہ حساب میں جمع ہوگی- بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو-

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتدائے ماہ جنوری ۱۹۲۸ء ہفتہ اول

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ا۵ ار ۶ ۰ ار	۷ ۲ ار	۸ ۲ ار	۸ ار	۷ ۰ ار	۸ ار	
نخود خالص	۷ ار	۷ ۰ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ۰ ار	۸ ار	
نخود کس آمیز	۶ ۰ ار	۰	۵ ار	۸ ۰ ار	۹ ار	۸ ۰ ار	
ماش	۷ ار	۷ ۰ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	
مونگ	۶ ار	۷ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	۶ ار	۶ ۰ ار	
مکا	۱۰ ۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ۰ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	
جئی	۱۲ ار	۰	۰	۰	۰	۱۱ ار	
گوجئی	۱۱ ۰ ار	۰	۰	۹ ار	۰	۱۰ ار	
عدس	۶ ار	۰	۰	۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	۶ ار	۰	۰	۰	۰	۸ ار	
برنج	۵ ۰ ار، ۶ ار	۵ ار، ۶ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار ار	۱ ار ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ۰ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۸ ار	۷ ار	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۷ ۰ ار	۸ ار	۷ ار	۷ ۰ ار	۸ ۰ ار	۸ ار	
باجرہ	۹ ۰ ار	۵ ۰ ار	۰	۹ ار	۹ ار	۹ ار	